اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور

پریس ریلیز (برائے نئے رجسٹرڈ شدہ امیدواران) دوسرا سالانہ امتحان 2019ء

اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور کے ایک اعلان کے مطابق بی اے/بی ایس سی دوسرا سالانہ امتحان 2019ء میں شرکت کرنے والے تمام امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مذکورہ امتحان انشاءاللہ **07 نومبر 2019ء بروز جمعرات** سے شروع ہوگا۔

نوٹ:۔ **بغیر رجسٹریشن کوئی بھی داخلہ فارم قابل قبول نہ ہوگا۔**

داخلہ فیس برائے پرائیویٹ (نئے رجسٹرڈ شدہ امیدواران) دوسرا سالانہ امتحان 2019ء

ا۔	بغیر لیٹ فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	09 اکتوبر 2019ء بروز (بدھ)
۲۔	لیٹ فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	21 اکتوبر 2019ء بروز (سوموار)
۳۔	داخلہ فیس برائے امتحان بی اے	=	-/3000 روپے
۴۔	پریکٹیکل کے ساتھ داخلہ فیس برائے امتحان بی اے	=	-/4000 روپے
۵۔	داخلہ فیس برائے امتحان بی ایس سی	=	-/4000 روپے
۶۔	لیٹ فیس	=	-/2000 روپے

مورخہ 21 اکتوبر 2019ء بروز (سوموار) کے بعد داخلہ فارم قطعاً وصول نہیں کیے جائیں گے۔ اور یونیورسٹی ایسے داخلہ فارم کے متعلق کسی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرے گی۔

پرائیویٹ نئے رجسٹرڈ شدہ امیدواران دوسرا سالانہ امتحان 2019ء داخلہ فارم مکمل کر کے امتحانی فیس جمع کروانے کے بعد شعبہ امتحان کو ارسال کریں۔ داخلہ فارم، فوٹو اور تمام دستاویزات یونیوسٹی/ کالج ہذا کے مقرر کردہ پروفیسرز، لیکچرار اور جن کے نمونہ/ دستخط شعبہ ہذا میں موجود ہیں سے تصدیق کروانا ہوں گے۔ اگر کسی امیدوار کا داخلہ فارم/ تصاویر مقرر کردہ پروفیسرز/ لیکچرار/ اساتذہ کے علاوہ کسی اور سے تصدیق شدہ موصول ہوئے تو ان کے داخلہ فارم قبول نہیں کئے جائیں گے۔ اور ان کو امتحان میں شمولیت کی اجازت نہ ہوگی۔ نئے رجسٹرڈ شدہ امیدوران اپنے داخلہ فارم حبیب بینک کی متعلقہ مقامی شاخ سے مقررہ امتحانی فیس جمع کرا کر حاصل کر سکتے، ہیں یا داخلہ فارم یونیورسٹی کی ویب سائیٹ www.iub.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جا سکتا ہے۔

بہاولپور، بہاولنگر اور رحیم یار خان اضلاع کے رہائشی مرد اور خواتین اپنے ہی ضلع کی حدود میں قائم کئے گئے امتحانی مراکز میں امتحان دینے کے پابند ہونگے۔ بہاولپور ڈویژن کے باہر کے رہائشی مرد و خواتین امیدواروں کو بہاولپور شہر میں قائم کئے گئے امتحانی مراکز میں امتحان دینا ہوگا۔

بہاولپور ڈویژن میں ضلع/ تحصیل/ سب تحصیل کی سطح پر حبیب بینک لمیٹڈ کی نامزد برانچوں کے علاوہ ملک کے دیگر شہروں سے

داخلہ بھیجنے والے امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ داخلہ فیس کی ادائیگی بذریعہ چیک/ڈرافٹ/پے آرڈر اور منی آرڈر قابل قبول نہ ہوگی۔

نئے رجسٹرڈ شدہ تمام مرد و خواتین کو جو مذکورہ امتحان میں شرکت کرنا چاہتے ہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے داخلہ فارم کے ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ اور انٹرمیڈیٹ کی سند/پاس رزلٹ کارڈ کی مصدقہ کاپی مہیا کریں۔تاکہ امتحان میں شریک ہونے کی اہلیت کا فیصلہ کیا جاسکے اور اہل امیدواران کو رول نمبر بروقت ارسال کئے جاسکیں۔آخر میں اس امر کی اطلاع دی جاتی ہے کہ داخلہ فارم کے ساتھ فوٹو جمع نہ کرانے کی صورت میں امیدواروں کے داخلہ فارم کسی صورت میں قابل قبول نہ ہونگے۔

نوٹ:۔ امتحانی تاریخ 07 نومبر 2019ء برائے بی اے/بی ایس سی دوسرا سالانہ امتحان 2019ء سب امیدواران (نئے و پرانے) کے لیے ایک ہی ہوگی۔

کنٹرولر امتحانات

بہاولپور

مورخہ :23 ستمبر 2019ء

(محمد ندیم بھٹہ)